Christopher Groll
Chief Executive Officer,
Office of School Health
Tweed Courthouse
52 Chambers Street
New York, NY 10007

15 مارچ، 2022

عزیزی اہلِ خانہ،

جیسے کہ آپ جانتے ہونگے کہ نیو یارک میں رہنے والے تمام افراد جنکی عمر 5 سال اور زیادہ ہے اب ایک COVID-19 ویکسین مفت لگوا سکتے ہیں۔ یہ آپ کے بچے، آپ کی کمیونٹی اور تمام شہر کی صحت اور حفاظت کے لیے ایک بڑی خبر ہے۔

نیویارک شہر محکمئہ صحت اور این وائی سی ہیلتھ + ہاسپٹل / این وائی سی ٹیسٹ اینڈ ٹریس کارپس کی شراکت سے کچھ اسکول سائٹس – بشمول آپکے بچے کا اسکول – اب ویکسینیشنز پیش کررہے ہیں تاکہ محفوظ رہنے کو جتنا ممکن ہو آسان بنایا جاسکے۔ براہِ مہربانی یہ دیکھنے کے لیے کہ آپکے بچے کے اسکول میں ویکسین کب دستیاب ہوگی منسلکہ شیڈول ملاحظہ کریں۔ براہِ مہربانی توجہ کریں کہ ویکسین کا یہ موقع صرف 11-5 سالہ عمر کے بچوں کے لیے ہے۔ کسی بھی 5 سال سے کم عمر یا 11 سال سے زیادہ عمر کے بچے کو نہیں دیکھا جائے گا۔

اپنے بچے کو ویکسین لگوانا محفوظ، رازداری میں اور آسان ہے۔ آپ کو ذیل جاننے کی ضرورت ہے:

- ویکسین لگوانے کے لیے آپ کو نقل وطنی کی حیثیت کا ثبوت یا ایک سوشل سیکیورٹی نمبر دکھانے کی ضرورت **نہیں** ہے۔ صرف عمر کی تصدیق کے لیے شناخت درکار ہے۔
- آپ کو ویکسین لگوانے کے لیے صحت کے بیمے کی ضرورت **نہیں** ہے۔
- 5 سے 11 کی عمر کے طلبا کا ویکسین لگوانے کے لیے ایک والدین یا سرپرست یا والدین یا سرپرست کی جانب سے نامزد دیگر بالغ نگہداشت فراہم کنندہ کے ساتھ آنا لازمی ہے۔اجازت فراہم کرنی لازمی ہے۔
- ویکسینیشن سے متعلق تمام ریکارڈز اور معلومات انتہائی صیغئہ راز میں رکھے جاتے ہیں۔
- ویکسین تربیت یافتہ طبی پیشہ وران کے ذریعے دی جاتی ہے۔
- برمقام ٹیلیفون کے ذریعے ترجمانی کئی زبانوں میں دستیاب ہوگی۔

تمام سائٹس بچوں کی Pfizer ویکسینیشن کی پہلی اور دوسری دونوں خوراکیں لگانے کے قابل ہونگی۔ جبکہ ان سائٹس پر ویکسینیشن قطعی طور پر صرف 11-5 سالہ کے لیے دستیاب ہوگی، ٹیسٹنگ تمام 4 سالہ اور زیادہ عمر کے لیے دستیاب ہوگی۔ عوام کو ٹیسٹنگ PCR ٹیسٹ (نتائج ~48 گھنٹوں میں) اور ریپڈ اینٹیجن ٹیسٹ (نتائج ~30 گھنٹوں میں) کے ذریعے دستیاب ہوگی۔

گوکہ پرزور مشورہ دیا جاتا ہے مگر ویکسین لگوانا لازمی نہیں ہے۔ تاہم، وکسینیشن نے پہلے ہی شہر بھر میں حیرتناک طور پر COVID-19 کی مثبت شرح کو کم کر دیا ہے، جس سے شہر کو کھولنے، خود موجودگی میں ملنے جلنے اور ایک تابناک مستقل دینے میں مدد ملے گی۔

اگر کوئی سوالات ہیں تمام حقائق جاننے کے لیے nyc.gov/covidvaccine پر جائیں۔ ہم امید کرتے ہیں کہ آپ اپنے بچے کو جلد ویکسین لگوانے پر غور کریں گے۔

بخلوص،

Christopher Groll
چیف ایکزیکٹؤ افسر